کے امرناتھ کی پیشکش

پردیسی

کے گانے اور کہانی

[illegible]

اداکاران

گیتا بالی - اجیت - بیران - چندر شیکھر

بھگوان - جیونت - بیران اور کوپ

قیمت ۱ر

نرنجن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

سٹوری

ایک بہت بڑا طوفان آیا جس نے سارے سمندر کو کھنگال ڈالا۔ لیکن ایک آدمی کے دروازے پر بہت سے موتی اور بہت سی دولت چھوڑ کر چلا گیا۔ اتنی بڑی دولت پا کے اس آدمی کا لوبھ بڑھ گیا۔ سامنے اس کے دوست کا گھر تھا۔ اس نے ایک دن اپنے دوست کے گھر کو آگ لگا دی۔ دوست اس آگ سے ڈرتا ہوا مارا گیا۔ اور جلا ہوا گھر بھی اس لوبھی کے قبضہ میں آ گیا۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

بارہ دری کے گانے

گانا نمبر ۱

بھلا نہیں دینا جی بھلا نہیں دینا
زمانہ خراب ہے دغا نہیں دینا
پیار کی مستی چھائی ہوئی ہے
نیند سی مجھ کو آئی ہوئی ہے
نیند سے دیکھو جگا نہیں دینا
آنکھوں میں سپنے جھوم رہے ہیں
گیت لبوں کو چوم رہے ہیں
گیتوں کو آہیں بنا نہیں دینا
زندگی آنکھیں ملنے لگی ہے
شمع سی دل میں جلنے لگی ہے
شمع جلا کے بجھا نہیں دینا

گانا نمبر ۲

دل ہم سے وہ لگائیں جو ہنس کے تیر کھائیں
جن کو ہے جان پیاری وہ سامنے نہ آئیں

دُنیا میں عاشقوں کا میلہ لگا ہوا ہے
دیکھو یہاں جسے بھی مجنوں بنا ہوا ہے
ہم کس کا حال پوچھیں ہم کس کے ناز اُٹھائیں

دشمن ہیں خود ہی اپنے دل کی لگی کے مارے
بھرتے ہیں خود ہی آہیں گنتے ہیں خود ہی تارے
الزام ہے یہ ہم پر کرتے ہیں ہم جفائیں

رو رو کے آنسوؤں کے دریا بہانے والے
اتنا نہیں سمجھتے اُلفت جتانے والے
آنسو وہی ہیں موتی دامن پہ جو نہ آئیں

گانا نمبر ۳

چھائی رے بدریا آ جا رے سنوریا
کہ جیرا سنن کرے
اب کی برس ہمرا جلم ہوا ہمرا جوبن گیا ہائے رام
جیا مورا ڈولے ہائے پیا پیا بولے ہو نہ جاؤں کہیں بدنام
آیا رے ساون اوڑھے چنریا دھانی
موری سُونی لاگے ہے رُت یہ سُہانی
ایک تو جیا مورے بس میں نہیں دوجے انکھیاں لگائیں ہیں کام
کوکے رے کوئل چھائے بدروا کارے
سیاں جی کو ڈھونڈیں مورے نینوا بچارے
لاج کی ماری میں تو مر جاؤں لیا جائے نہ پی کا نام
بہکیں رے قدم مورے چھلکے رے گگریا
یاد موہے آئی موری بالی عمریا

پاپی جمانے سے ہوتی رہو ہے لاگے نہ رگا دے کوئی اِنجام

گانا نمبر ۲

پیا ہو ، پیا ہو ، پیا ہو
آئی برن بہار ، کیے ہوا سنگار ، پیا آجا
گھر گھر کے آئی راما کاری بدریا
درشن کو ترسے پیاسی نجریا
پڑے رم جھم پھوہار ، لگے دل پہ کٹار ، پیا آجا
بیدردی بھونرے ہائے راما مستی میں جھومیں
کلیوں کو چھیڑیں پھولوں کو چومیں
لیے انکھیوں میں پیار ، کریں ہم انتظار ، پیا آجا
پیا ہو ، پیا ہو ، پیا ہو

گانا نمبر ۵

ستارے ڈوب چلے رات ڈھلنے والی ہے
چلے بھی آؤ کہ دنیا بدلنے والی ہے
تمہیں قسم ہے نہ کرنا میری جدائی کا غم
ہوائیں لاکھ چلیں شمع جلنے والی ہے
محبت کی بس اِتنی داستاں ہے
بہاریں چار دن کی پھر خزاں
اُجالے کو ترستی ہیں نگاہیں
بڑی ویران ہیں اُلفت کی راہیں
کہاں ہے چاند میرے تو کہاں ہے
مزہ جلنے کا آتا ہے بچھڑ کے

محبت رنگ لاتی ہے ابھر کے
جدائی دو دلوں کا امتحاں ہے

گانا نمبر ۶

چھوڑو چھوڑو جی بہیاں موری، کیں ما جگ چھوری ہاں ہاں جی موری توبہ ہے
دیکھو دیکھو میرا دل گوری بڑی ہے چھوری ہاں ہاں جی موری توبہ ہے
موہے لاگے شرم بیدردی بلم، گھونگھٹ موہرا کھل کھل جائے رے
رچیا ملنے نہیں، کچھ جانے نہیں، بیری لیس بیں موہے نہیں آئے رے
مت کر لورے جیرا چوری ہم تمہیں موری، ہاں ہاں جی موری توبہ ہے
کچھ اپنی کہو کچھ موری سنو، جیا جلتی ہے جی تکرار سے
جیا میرا گھبرائے، دھک دھک کرے باج آئیں ایسے پیار سے
اب ہنیو جرا تم گوری، ہٹیلی چھوری، ہاں ہاں جی چھوری توبہ ہے

گانا نمبر ۷

تصویر بناتا ہوں تصویر نہیں بنتی — طلعت محمود
اک خواب سا دیکھا ہے تعبیر نہیں بنتی

بیدرد محبت کا اتنا سا ہے افسانہ
نظروں سے ملیں نظریں میں ہو گیا دیوانہ
اب دل کے بہلنے کی تدبیر نہیں بنتی

دم بھر کے لیے میری دنیا میں چلے آؤ
ترسی ہوئی آنکھوں کو پھر شکل دکھا جاؤ
مجھ سے تو میری بگڑی تقدیر نہیں بنتی

گانا نمبر ۸

کھو دیا میں نے پاکر کسی کو

آگ لگ جائے اس زندگی کو

دن یہ قسمت نے کیسے دکھائے
مجھے جو اپنے ہوئے وہ پرائے
اپنا کہنا ہے اب اجنبی کو

شادیانے بجیں گے خوشی کے
ہوں گے ارمان پورے کسی کے
ہونٹ ترسیں گے میرے ہنسی کو

چاند تاروں کا پھیرا رہے گا
میرے دل میں اندھیرا رہے گا
صبح روئے گی اب روشنی کو

گانا نمبر ۹

درد بھرا دل بھر بھر آئے ۔ صبر کا دامن چھوٹ نہ جائے

لاش وفا کی کیسے بچھاؤں
دل سے میں جتنا اُن کو بھلاؤں
اور بھی اُن کی یاد ستائے

ہو گئے ٹکڑے میرے دل کے
رہ گئے ارمان خاک میں مل کے
خوب مزے اُلفت کے اُٹھائے

آہ نہ کرنا آنسو پینا
کھیل نہیں مر مر کے جینا
جیسے کلیجہ نکلا آئے

(ختم شد)

صنعت و حرفت کے چند راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیاء بنانے کے نسخے۔ صابن۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر۔ اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنے کے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف 3-1-1 محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

جسمیں اچار۔ چٹنی۔ مربے۔ شربت۔ عرق۔ کشتہ۔ چورن۔ معجون۔ خمیرہ۔ پیٹنٹ ادویہ کے نسخے اور مٹھائیاں بنانے کے گر۔ ہزارہا روپیہ کے قیمتی فارمولے کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کرنیوالے راز تحریر کر دیئے گئے ہیں۔ ایک کتاب منگا کر ضرور فائدہ اٹھائیے

قیمت صرف 8/1 محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کی گئی ہے۔ جدید فیشن اسپل کپڑوں مثلاً بوشرٹ۔ لیڈیز کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملے گا۔

قیمت صرف 3-1-1 محصولڈاک معاف

رفیق اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی